# کیا گرمیوں کے رمضان کے روزے بعد میں رکھے جاسکتے ہیں؟

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی اپنی صحت کے خراب ہونے کی وجہ سے رمضان میں روزہ نہ رکھ سکے کیونکہ رمضان گرمیوں میں آتا ہے گرمی کی وجہ سے اسے اپنی بیماری کے بڑھنے کا خطرہ ہے اورڈاکٹروں نے کہا کہ اگر وہ مریض روزہ رکھے گا تو اس کی بیماری بڑھ جائے گی یا پرمانینٹ صورت اختیار کرجائے گی تو کیا ایسا مریض سردیوں میں روزہ رکھ سکتا ہے ؟

سائل:عمر فرام ہولینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

کافر یا بدمذہب یا فاسق ڈاکٹروں کا قول شریعت میں قبول نہیں ہے اور نہ ہی ان کے کہنے سے رمضان کا فرض روزہ چھوڑا جاسکتا ہے۔ جیسا کہ شامی ہے :**"أَمَّا الْكَافِرُ فَلَا يُعْتَمَدُ عَلَى قَوْلِهِ لِاحْتِمَالِ أَنَّ غَرَضَهُ إفْسَادُ الْعِبَادَةِ"**

(''ردالمحتار''، کتاب الصوم، فصل في العوارض، ج۳، ص۴۶۴)

اور آپ کے ملک میں سنی مسلمان حاذق ڈاکٹر ڈھونڈنا بھی مشکل ہے۔ لہذا ایسی صورتِ حال وہ مریض خود تجربہ کرے اگر روزہ رکھنے میں مرض بڑھتا ہے یا شدید ناقابلِ برداشت تکلیف ہوتی ہے یا روزے رکھنے سے مرض پرمانینٹ صورت اختیار کرسکتا ہےاور اس کی کوئی واضح علامت موجود ہے تو ایسا مریض روزہ نہ رکھے اورمرض کے ٹھیک ہونے پر ان روزوں کے قضا کرنا بھی ضروری ہے لہذا مرض ٹھیک ہونے پر ان کی قضاکرلیجیے۔

اسی طرح سردیوں کے موسم میں جب ہولینڈ میں دن نہایت چھوٹا ہوجاتا ہے اور سردی کی وجہ سے بھوک یا پیاس بھی زیادہ محسوس نہیں ہوتی تو ایسا مریض ان ایام میں روزوں کی قضا کر سکتا ہے ۔کیونکہ یہ مریض مرض کی وجہ سےگرمیوں کے رمضان کے روزے نہیں رکھ سکتا لہذا اس پر قضا واجب ہے ۔قضا کا حکم یہ ہے جب مرض ٹھیک ہونے کی وجہ سے مریض روزوں پر قادر ہو وہ روزوں کی قضا کرےاور اگر کوئی سردیوں میں قضا پر قادر ہوتا ہے تووہ سردیوں میں اپنے روزوں کی قضا کرلے۔

کیونکہ اللہ عزوجل معذور لوگوں کو رمضان کے علاوہ دوسرے ایام میں روزوں کی قضا کرنے کے بارے میں ارشاد فرماتا ہے۔فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَؕ یُرِیْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ وَ لَا یُرِیْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ٘ تو جس قدر روزے چھوٹے ہیں اتنے روزے اور دنوں میں (قضا کرو )اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں چاہتا۔

(البقرۃ :185)

جیسا کہ ردالمحتار میں ہے کہ **أَمَّا لَوْ لَمْ يَقْدِرْ عَلَيْهِ لِشِدَّةِ الْحَرِّ كَانَ لَهُ أَنْ يُفْطِرَ وَيَقْضِيَهُ فِي الشِّتَاءِ**

("ردالمحتار"، کتاب الصوم، فصل في العوارض، ج۳، ص۴۷۲)

اور اگررمضان میں روزہ رکھنے سے مرض میں اضافہ نہیں ہوتا اور نہ ہی ایسی شدید پیاس لگتی ہے جو برداشت سے باہر ہوتوایسے شخص پر گرمیوں کے رمضان کا روزہ رمضا ن میں ہی رکھنا فرض ہے۔ ایسے شخص کو چاہیے کہ تھوڑی بہت بیماری سے نہ گھبرائے بلکہ روزوں کے لیے تیار ہوجائے اور ویسے بھی روزہ صحت کا ضامن ہے ۔ جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا کہ صُوْ مُوْ ا تَصِحُّوا یعنی روزہ رکھو صِحَّتیاب ہو جاؤ گے۔

( دُرِّمَنثور ج۱ص۴۴۰)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Can the fasts of Ramadān during summer be kept later on?**

الحمد لله والصلوة والسلام على رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Dīn and muftīs of the Sacred Law state regarding the following issue: If someone cannot fast due to his health deteriorating because when Ramadān falls in the summer, such person fears his illness further worsening due to the heat. The doctor has also said that if such patient fasts, his illness will deteriorate further, or that it will become a permanent condition. Can such a patient keep these fasts in the winter?**

Questioner: Umar from Holland

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

The saying of a non-Muslim, deviant or sinful doctor is not accepted in the eyes of Sharī’ah, nor can one leave the fard fast of Ramadān due to their saying. Just as it is stated in Fatāwā Shāmī,

"أَمَّا الْكَافِرُ فَلَا يُعْتَمَدُ عَلَى قَوْلِهِ لِاحْتِمَالِ أَنَّ غَرَضَهُ إفْسَادُ الْعِبَادَةِ"

[Radd al-Muhtār, vol 3, pg 464]

It is also difficult to find a Sunnī Muslim experienced doctor in your current country of residence. Thus, in this case, such patient is to take note of & observe his own feelings & experience; if the illness worsens when fasting, or he suffers unbearable pain, or the illness could become permanent from fasting, and it has a clear particular symptom, then such a patient should not fast. It is essential for one to do qadā’ i.e. make up these fasts later on when the illness goes away, thus one should make up these fasts once the illness is cured.

Likewise, in Holland, when the days become so short in the winter season, and one is not even able to feel hunger or thirst so much due to winter, then such patient can fulfil these fasts during such days. This is because this patient cannot fast in the summer due to an illness, hence fulfilling them is wājib. The ruling of making them up is when the patient’s health becomes better, such that he is able to fast, then he should make the fasts up. If someone becomes able to fulfil these in the winter, then he should fulfil these fasts in the winter.

This is because Allāh Almighty states regarding people who are excused [from fasting] to fast in other days other than Ramadān,

{فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ یُرِیْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ وَ لَا یُرِیْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ}

{(And whoever is sick or on a journey (and does not fast)) should keep the same number of fasts on other days. Allāh desires ease for you and does not desire hardship for you}

[Sūrah al-Baqarah, v 185]

Just as it is mentioned in Radd al-Muhtār,

"أَمَّا لَوْ لَمْ يَقْدِرْ عَلَيْهِ لِشِدَّةِ الْحَرِّ كَانَ لَهُ أَنْ يُفْطِرَ وَيَقْضِيَهُ فِي الشِّتَاءِ"

[Radd al-Muhtār, vol 3, pg 472]

However, if the illness does not worsen by fasting in Ramadān, nor does one suffer from severe thirst which is outside the limits of being at an unreasonable level, then it is fard for such person to keep the fasts of Ramadān in the actual month of Ramadān. This person should not worry regarding a little amount of illness, rather he should prepare for fasting, and actually fasting guarantees healthiness - just as the Noble Prophet ﷺ has stated,

"صُوْمُوْ ا تَصِحُّوا"

“Fast; you will become healthy.”

[Durr al-Manthūr, vol 1, pg 440]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali